گورنر KATHY HOCHUL فوری ریلیز کے لیے: 29/5/2024

گورنر HOCHUL نے NY CREATES کے البانی نانوٹیک کمپلیکس میں اختراعی نئی انرجی لیبارٹری کا اعلان کر دیا

نیو یارک پاور اتھارٹی (New York Power Authority) کا یہ "جڑواں" ڈیجیٹل پاور گرڈ نئی ٹیکنالوجیز، گرڈ میں بہتریوں اور قابل تجدید وسائل کے انضمام کے اثرات کی ٹیسٹنگ کی استعداد پیدا کر رہا ہے

یہ ورچوئل ٹیسٹنگ پلیٹ فارمز صاف توانائی کی نئی مصنوعات اور خدمات کو اپنانے، توانائی کے شعبے کو جدید تر بنانے میں مدد دیں گے

NYSERDA ٹیکنالوجی کی اعلیٰ درجے والی تحقیق میں معاونت کے لیے 9$ ملین فراہم کرے گا

AGILe Lab کی ویڈیو دیکھیں

گورنر Kathy Hochul نے آج NY CREATES کے Albany NanoTech Complex میں قائم کردہ اپنی نوعیت کی پہلی عالمی معیار والی الیکٹرک گرڈ اور پاور سسٹم لیبارٹری کے باضابطہ افتتاح کا اعلان کیا، جو ملک کی سب سے جدید بغیر منافع کام کرنے والی سیمی کنڈکٹر ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ سہولتگاہ ہے۔ The Advanced Grid Innovation Laboratory for Energy (AGILe)، جو زیرو انرجی نینو ٹیکنالوجی (Zero Energy Nanotechnology, ZEN) کی عمارت میں واقع ہے، وہ نئی الیکٹریفیکیشن ٹیکنالوجیز کی ٹیسٹنگ، ماڈلنگ اور توثیق، الیکٹرک گرڈ میں بہتریوں، ٹرانسمیشن سے متعلقہ مصنوعات اور خدمات، اور توانائی کے نظاموں کے لیے نئے حل فراہم کرتی ہے۔ AGILe لیب صارفین کو ریاست نیو یارک کے پاور گرڈ اور اس کے ذیلی نظاموں کے ڈیجیٹل ماڈل پر حقیقی وقت میں ٹیکنالوجیز کو ٹیسٹ کرنے کی صلاحیت فراہم کرتی ہے۔

"AGILe لیب، جو نیو یارک کے دارالحکومت میں مرکزی طور پر اور آسان فاصلے پر واقع ہے، یہ الیکٹرک گرڈ کی تحقیق کے ایک عالمی مرکز کے طور پر کام کرے گی،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "صاف توانائی کی منتقلی کو ڈیٹا کے ذریعے معلومات فراہم کی جائیں گی، اور نئی توسیع شدہ AGILe سہولتگاہ ریاست نیو یارک اور دنیا بھر کے توانائی کے تحقیق کنندگان کو توانائی کے ایسے جدید حل تیار کرنے میں مدد دے گی جو ہمیں ایک زیادہ پائیدار اورمستحکم مستقبل کی جانب لے جانے والے ہوں۔"

نیویارک پاور اتھارٹی کی تخلیق کردہ اور ملک کی سب سے بڑی ریاستی الیکٹرک یوٹیلیٹی کے طور پر، یہ نئی توسیع شدہ AGILe لیب مستقبل کے منظرناموں کا جائزہ لینے اور بلک الیکٹرک سسٹم پر نئی اور بہتر ٹیکنالوجیز کے اثرات کو جانچنے کے لیے ریئل ٹائم الیکٹرک گرڈ سمولیشن فراہم کرتی ہے جبکہ ایسا کرنے کے لئے ریاست کے برقی گرڈ کو خطرے میں ڈالنے کی نوبت نہیں آتی۔ متعدد الیکٹرک گرڈ حالات کی سیمولیشن کرنے اور آلات کو جسمانی طور پر اور عملی طور پر AGILe کے ٹیسٹنگ ماحول سے منسلک کرنے والی اس لیبارٹری کی صلاحیت نئی ٹیکنالوجیز اور مصنوعات کے قابل اعتماد انضمام کی رفتار تیز کرنے میں بہت مدد دے گی۔

NYPA کے ٹرسٹی Laurie Wheelock نے کہا، "AGILe کا کام نیو یارک کے گرڈ کی سالمیت کو کسی خطرے میں ڈالے بغیر حقیقی وقت میں توانائی سے متعلقہ حلوں کی جانچ کرنے کے لیے جدید ترین ٹیکنالوجیز سے استفادہ کرنا چاہتا ہے۔ اس لیب کی تعمیر و ترقی نیو یارک کے موسمیاتی ایکٹ (Climate Act) کے اہداف کو آگے بڑھانے کے لیے کلین انرجی پارٹنرز کے ساتھ پاور اتھارٹی کے مسلسل تعاون کی نمائندگی کر رہی ہے، اور اس کا بروقت افتتاح NYPA کو ہمارے ریاست گیر پاور نیٹ ورک میں نئے قابل تجدید ذرائع کو شامل کرنے کے انتہائی ارزاں اور مؤثر طریقوں سے آگاہی پانے میں مدد دے گا۔ "

NYPA کے صدر اور سی ای او Justin E. Driscoll نے کہا، "انرجی کے لیے ایڈوانسڈ گرڈ انوویشن لیبارٹری (Advanced Grid Innovation Laboratory for Energy) ریاست کی صاف توانائی کی معیشت کی جانب منتقلی کی پیشرفتوں میں ہماری کامیابی کے لیے لازمی ہے۔ تحقیق کے شعبے میں نئے اور انوکھے باہمی تعاون والے اقدامات کے ذریعے جو AGILe کے ڈیٹا اور تجزیے کی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھائیں گے، ہم مستقبل کے گرڈ کے بارے میں اہم سوالات کے جوابات فراہم کریں گے تاکہ ہمارے توانائی کے وسائل اور معاون ٹرانسمیشن سسٹمز جدید ترین بن جائیں اور ہمارے توانائی کے اہداف کی حمایت کرنے کے قابل ہو جائیں۔ AGILe ایک عالمی وسیلہ ہے جسے کوئی بھی ایسا وینڈر، یوٹیلٹی، یا تحقیقی ادارہ استعمال کر سکتا ہے جو توانائی کے جدت سے متعلقہ اہم سوالات کا جواب حاصل کرنے کی کوشش کر رہا ہو۔"

NYSERDA کی صدر اور سی ای او Doreen M. Harris نے کہا، "AGILe اور ہماری ذیلی اتھارٹی NYPA کے ساتھ اس مشترکہ کاوش کے ذریعے ہم اجتماعی طور پر جدید ترین ٹیکنالوجیز کی ترقی اور تعیناتی کو تیز کرنے کے لیے ایسی جدت طرازی کو فروغ دے رہے ہیں جو گرڈ کی جدید کاری کو مزید آگے بڑھانے والی ہے۔ تمام شراکت داروں کی مہارت اور وسائل کو یکجا کرکے حاصل کیا جانے والا علم اور معلومات جدید ترین ڈیٹا اور ماڈلنگ کی صلاحیتوں کو آگے بڑھا کر نیو یارک کی اس صاف توانائی کی جانب منتقلی کی معاونت کررہا ہے جو ریاست بھر کے رہائشیوں میں موثر طریقے سے تقسیم کی جائے گی۔"

ریاست نیویارک کا عوامی خدمت کا محکمہ (Department of Public Service) کے سی ای او Rory M. Christian نے کہا، "AGILe پروجیکٹ جیسے اقدامات سے نئی، صاف توانائی کی ٹیکنالوجیز کی مسلسل ترقی میں مدد ملے گی جو ریاست نیو یارک کی موجودہ گرڈ میں ان سرمایہ کاریوں سے پیدا ہونے والے فوائد کو زیادہ سے زیادہ بڑھانے والی ہماری کوششوں کی معاونت کر رہی ہیں۔ اس انتہائی اہم کام میں شامل تمام فریقوں کو ہماری جانب سے شاباش اور خراج تحسین۔"

New York Independent System Operator کے صدر اور سی ای او Richard Dewey نے کہا، "میں مستقبل کے گرڈ کو آگے بڑھانے کے لیے ضروری قیادت اور دانشمندی کا مظاہرہ کرنے پر ایک بار پھر NYPA کا دل سے معترف ہوں۔ AGILe صاف توانائی کی تعمیر و ترقی اور جدید ٹیکنالوجیز کے ساتھ نظام کے قابل بھروسہ ہونے کو متوازن کرنے والے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے میں مدد دے گی۔ NYISO اس سلسلے میں NYPA کے ساتھ کام کرنے کے لیے بہت پُرجوش ہے اور ہمارے بالکل قریبی علاقے میں اس "ڈیجیٹل جڑواں" گرڈ کے قیام سے ہمارا تعاون اتنا ہی قریب تر ہو جائے گا۔"

AGILe ریاست نیو یارک کے الیکٹرک گرڈ میں قابل تجدید وسائل کی بتدریج بڑھتی ہوئی رسائی کے اثرات کی تشخیص کی استعداد بھی مہیا کر دے گی۔ کلین انرجی والی ٹیکنالوجیز، مثلاً بیٹری اسٹوریج سسٹمز، الیکٹرک گاڑیاں، اور ان سے متعلقہ انفراسٹرکچر کو افادیت کی جانچ کرنے اور کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے AGILe سے منسلک کیا جا سکتا ہے۔ اس سے حاصل کردہ اسباق بعد میں لاگو بھی کیے جا سکتے ہیں تاکہ مصنوعات اور خدمات کو الیکٹرک گرڈ یا توانائی کے نظام میں تعینات کرنے سے پہلے مصنوعات میں مزید بہتری لائی جا سکے۔

نیو یارک سنہ 2040 تک کاربن کے صفر اخراج والے بجلی کے شعبے کے حصول کی راہ پر بھی گامزن ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار شامل ہے۔ AGILe لیبارٹری صارفین کو حکمت عملیوں، مصنوعات اور خدمات کی ٹیسٹنگ کی استعداد مہیا کر دے گی جس سے ریاست کے آب و ہوا اور صاف توانائی والے اہداف کو آگے بڑھانے میں بہت مدد ملے گی۔

AGILe لیب توانائی پر مرکوز مختلف تنظیموں کے ساتھ تعاون کرے گی، بشمول Electric Power Research Institute (EPRI), the Long Island Power Authority (LIPA), New York Independent Systems Operator (NYISO)، نیویارک کی سرمایہ کاروں کی ملکیت والی یوٹلٹیز، اور نیو یارک اسٹیٹ انرجی ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی (New York State Energy Research and Development Authority, NYSERDA) جس سے ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کی تحقیق، تشخیص اور جانچ میں مدد و معاونت ملے گی۔

افق پر ابھرتے نئے پروجیکٹس: ایڈوانس ٹیکنالوجی ریسرچ کے لیے 9$ ملین

NYSERDA اگلے تین سالوں میں پاور گرڈ کو قابل بھروسہ بنانے، گرڈ کی جدید کاری اور آپریشنل لچک بڑھانے، اور سائبر سیکیورٹی اور گرڈ کی لچک سے متعلقہ اقدامات کی حمایت کے لیے NYPA کے ساتھ شراکت داری کر رہا ہے۔ مفاہمت کی ایک نئی دستخط شدہ یادداشت کے تحت NYSERDA کا ارادہ ہے کہ وہ AGILe کے ڈیٹا، کمپیوٹنگ وسائل اور عملے کو بہترین طریقے سے استعمال کرنے والے منصوبوں کے لیے مستقبل میں مسابقتی درخواستوں والے عمل کے ذریعے 8$ ملین دستیاب کرے گا۔ NYSERDA کی زیر نگرانی اور اہم ترین اسٹیک ہولڈرز کے تعاون سے تحقیق اور تجزیے کے لیے اضافی 1$ ملین کا استعمال بھی کیا جائے گا۔

دنیا بھر کے وینڈرز، توانائی کی اختراعات کرنے والوں کے لیے دستیاب

وینڈرز اور توانائی کی اختراعات کرنے والے اس توسیع شدہ AGILe کو نئی ٹیکنالوجیز کی تعیناتی کو تیز کرنے اور لاگت بچانے والے مؤثر، محفوظ اور عملی طریقوں کا استعمال کرتے ہوئے اپنی صاف توانائی کی تحقیق اور جانچ کو آگے بڑھانے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ AGILe کے سسٹمز قابل تجدید توانائی کے باہمی ربط کی رفتار بڑھانے، سائبر سیکیورٹی کی تحقیق اور ترقی، اور گرڈ کے تجزیوں کے لیے دیگر جدید ٹیکنالوجیز کا استعمال کرنے کے لیے ریاست نیو یارک کی ایجنسیوں، الیکٹرک یوٹیلیٹیز، ٹیکنالوجی فرموں، یونیورسٹیوں اور دنیا بھر کے خودمختار سسٹم آپریٹرز کی ضروریات کو پورا کر سکتے ہیں جن میں گرڈ تجزیات اور آپریشن، مصنوعی ذہانت کا اطلاق اور تھوک بجلی کی مارکیٹ اسٹڈیز پر عمل کاری سبھی شامل ہیں۔

اس سہولتگاہ کی بنیادی صلاحیت ایک تفصیلی ڈیجیٹل ماڈل ہونا ہے جو نیویارک کے الیکٹرک گرڈ کے رویے کی ہوبہو نقل کرتا ہے، اور کم خطرے والی اور لاگت بچانے کے مؤثر طریقوں کا استعمال کرکے حقیقی وقت میں بصیرتیں دینے اور پیش گوئیاں کرنے والے تجزیات فراہم کرتا ہے۔ اس سسٹم کے صارفین کو ٹیکنالوجی حلوں کے پورٹ فولیو تک بھی رسائی حاصل ہو جاتی ہے اور وہ سسٹم کی کارکردگی پر مختلف اثرات کا مطالعہ کرنے کے لیے مختلف شعبوں میں مختلف ماڈلز کا استعمال کر سکتے ہیں۔

NY CREATES کے صدر Dave Anderson نے کہا "NY CREATES اعلی درجے کی تحقیق اور تعمیر و ترقی والے اسیے کام کر رہی ہے جو صنعت کی پائیداری پر توجہ مرکوز کرنے کے ساتھ اگلی نسل کی چپ ٹیکنالوجی کو بھی فعال کرے گی۔ ہمیں فخر ہے کہ ہمارے جدید ترین Albany NanoTech Complex نے NYPA کے AGILe انی شیٹو کے لیے بھی ایک ایسی بنیاد فراہم کر دی ہے جو اسے نیو یارک میں صاف اور پائیدار توانائی کے گرڈ کے لیے ایک عمدہ آزمائشی مرکز بنا دے گی۔"

Empire State Development کی صدر، سی ای او اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "گورنر Hochul کے زیرِ قیادت، نیویارک نے نئی ٹیکنالوجیز میں ایسی سرمایہ کاریاں جاری رکھی ہوئی ہیں جو ریاست کے آب و ہوا کے اہداف کی معاونت و حمایت کرتی ہیں اور قابل تجدید اور صاف توانائی کی معیشت کو فروغ دیتی ہیں۔ NY CREATES میں یہ نئی لیب، NYPA اور NYSERDA میں ہمارے ساتھیوں کے تعاون سے ممکن بنی ہے، اور اب یہ صاف توانائی کے شعبے میں پائیدار ترقی کو فروغ دینے کے لیے ہماری اجتماعی تحقیق اور ترقی کی کوششوں میں مزید تعاون کرے گی۔"

رکن اسمبلی Didi Barrett نے کہا، "قابل تجدید توانائی کی جانب ہماری منتقلی کو مسلسل قابل اعتماد اور حفاظت یقینی بنانے والے اہم ترین گرڈ اپ گریڈز کی ضرورت ہوگی۔ عالمی معیار کی یہ لیبارٹری ہمیں سمیولیشنز اور ماڈلز

چلانے، جدید ٹیکنالوجیز کی تصدیق و توثیق کرنے، نئے حلوں کا ٹائم-ٹو-مارکیٹ تیزکرنے، مختلف ماڈلز کے تحت ٹیسٹنگ کے خطرات کم کرنے، اور سائبر سیکیورٹی میں اضافہ کرنے کی استعداد فراہم کر دے گی۔"

رکن اسمبلی Patricia Fahy نے کہا، "انتہائی شدت والے موسمی واقعات نہ صرف تعداد میں بڑھ رہے ہیں بلکہ بار بار ہو رہے ہیں، اور ہماری مقامی کمیونٹیز پر اربوں ڈالر کی لاگت بھی اس تیزی سے بڑھتے ہوئے موسمیاتی بحران کے ساتھ بڑھ رہی ہے۔ ایڈوانسڈ گرڈ انوویشن لیبارٹری فار انرجی (Advanced Grid Innovation Laboratory for Energy, AGILe) کا آج کا یہ افتتاح نیویارک کے الیکٹریکل گرڈ کی صلاحیتوں کے بارے میں پورے ملک کو معروف بصیرتیں اور ڈیٹا فراہم کرے گا اور انتہائی شدت والے موسمی واقعات کے دوران بھی انکی مقابلہ کرنے اور کام کرنے کی صلاحیت کے متعلق پیشگوئی کر سکے گا۔ Albany Nanotech کیمپس میں اس قسم کی جدت طرازی اور اختراعات میں سرمایہ کاری کرنا مصنوعی ذہانت اور نینو ٹیکنالوجی کی تحقیق میں ایک رہنما کے طور پر کیپیٹل ریجن کے مقام کو مزید مستحکم بھی کر رہی ہے اور قدرتی آفات سے نمٹنے والی ہماری مسلسل صلاحیت کو بھی تب یقینی بناتی ہے جب اسکی سب سے زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔"

رکنِ اسمبلی John T. McDonald III, RPh نے کہا، "آج کا دن پائیدار توانائی کے مستقبل کی جانب نیو یارک کے سفر میں ایک اہم ترین لمحہ ہے۔ نیو یارک بجلی کی اتھارٹی (New York Power Authority) کے تحت چلنے والی یہ جدید ترین لیبارٹری، توانائی کے استعمال اور تقسیم کے طریقے میں انقلاب لانے کے لیے نیویارک ریاست کے عزم مصمم کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ Advanced Grid Innovation Laboratory for Energy میں وہ نئی الیکٹریفیکیشن ٹیکنالوجیز، گرڈ کی بہتریوں، اور قابل تجدید وسائل کے انضمام کی ٹیسٹنگ کریں گے، انہیں ماڈل کریں گے اور انکی تصدیق و توثیق کریں گے۔ AGILe ہمیں ایک سرسبز، زیادہ لچکدار مستقبل کی راہ پر گامزن کرنے میں بہت مدد دے گی۔ گورنر Hochul اور NYPA اور دیگر تمام شراکت داروں کا بہت شکریہ جنہوں نے اس پروجیکٹ کو حقیقت بنانے کے لیے کام کیا۔"

البانی کاؤنٹی کے ایگزیکٹو Daniel P. McCoy نے کہا، "ایک قابل اعتماد اور متحرک الیکٹرک گرڈ قابل تجدید توانائی اور صاف توانائی کی معیشت میں ہماری منتقلی کا ایک اہم ترین اور لازمی جزو ہے۔ میں AGILe میں سرمایہ کاری کرنے پر NYPA اور گورنر Hochul کا دل سے معترف ہوں جو ایک ایسی سہولتگاہ ہے جو ابھرتی ہوئی گرڈ ٹیکنالوجیز کی تعیناتی کو تیز کرنے میں مدد دے گی اور یہ امر یقینی بنائے گی کہ ریاست نیو یارک اور البانی کاؤنٹی اس جدت طرازی کے فوائد حاصل کر سکیں۔"

البانی کی میئر Kathy Sheehan نے کہا، "ایک بار پھر، نیویارک پاور اتھارٹی نے تمام نیو یارک باسیوں کے لیے ایک پائیدار مستقبل کی تعمیر کے لیے اپنے عزم مصمم کا ثبوت دیا ہے۔ اب جبکہ ہم اپنے پائیداری کے اہداف کو پورا کرنے کے لیے کام کر رہے ہیں، تو توانائی کی نئی ٹیکنالوجیز کو تیزی سے اور محفوظ طریقے سے ٹیسٹ کرنے کی استعداد مہیا کرنے سے AGILe کا البانی جیسی میونسپلٹیز پر بہت بڑا مثبت اثر پڑے گا۔ میں ایک محفوظ اور قابل اعتماد الیکٹرک گرڈ یقینی بنانے والے اس اہم کام کو جاری رکھنے کے لیے NYPA کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کیونکہ توانائی کے شعبے کو اس وقت بہت بڑی تبدیلیوں کا سامنا ہے۔"

ریاست نیویارک کا ملک میں پہلا موسمیاتی منصوبہ

ریاست نیو یارک کے ماحولیاتی ایجنڈا میں ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کیا گیا ہے جو گھرانوں کے لیے پائیدار ملازمتیں پیدا کرے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دے، اور اس بات کو یقینی بنائے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کے کم از کم 35 فیصد فوائد کا رخ، جنکا مستقبل کا ہدف 40 فیصد ہو، غریب و پسماندہ کمیونٹیز کی جانب رکھا جائے۔ موسمیاتی اور صاف توانائی سے متعلق ملک کے بعض انتہائی پُرعزم اقدامات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے، نیویارک کیپ اینڈ انویسٹ پروگرام (New York Cap-and-Invest program, NYCI) اور دیگر تکمیلی پالیسیوں سمیت کاوشوں کے ایک سلسلے پر پیشرفت کر رہا ہے - جن کے ذریعے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 1990 کی سطح سے 2030 تک 40 فیصد اور 2050 تک 85 فیصد تک کم کیا جائے گا۔ نیو یارک سنہ 2040 تک کاربن کے صفر اخراج والے بجلی کے شعبے کے حصول کی راہ پر بھی گامزن ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار اور وسط صدی تک پوری معیشت کو کاربن سے پاک کرنے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ اس منتقلی کا ایک اہم سنگ میل نیویارک کی صاف توانائی کی بے مثال سرمایہ کاریاں ہیں،

جن میں پوری ریاست بھر میں 61 بڑے پیمانے والے قابل تجدید اور ترسیلی منصوبوں میں $28 بلین سے زیادہ، عمارتوں کے مضر اخراج کو کم کرنے کے لیے $6.8 بلین، شمسی توانائی کا استعمال بڑھانے کے لیے $3.3 بلین، صاف ٹرانسپورٹ کے اقدامات کے لیے تقریباً $3 بلین، اور 130 سند یافتہ کلائمیٹ سمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 کلین انرجی کمیونٹیز، اور ریاست بھر کی 10 غریب و پسماندہ کمیونٹیز میں ریاست کے سب سے بڑے کمیونٹی ایئر مانیٹرنگ انی شیئٹو کے ذریعے فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے میں بہت مدد ملے گی۔

NYPA کے متعلق

NYPA ملک میں کسی ریاست کا بجلی کا سب سے بڑا ادارہ ہے، جو 16 پیداواری تنصیبات اور 1,400 سرکٹ میل سے زائد ترسیلی لائنیں چلاتا ہے۔ NYPA جو بجلی پیدا کرتا ہے اس کا 80 فیصد سے زیادہ صاف قابلِ تجدید پن بجلی ہے۔ NYPA اپنے آپریشنز کے لیے بونڈز کی فروخت اور بجلی کی فروخت سے بڑے پیمانے پر حاصل ہونے والے ریونیوز کے ذریعے سرمایہ کاری کرتا ہے۔ مزید معلومات کے لئے www.nypa.gov کا دورہ کریں اور ہمیں Tumblr،Instagram،Facebook، Twitter اور LinkedIn پر فالو کریں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں